رہبر معظم کا شہیدان جہان آرا کی والدہ کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 11 /Sep/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج سہ پہر کو اپنے ایک پیغام میں شہیدان جہان آراکی والدہ کی وفات پران کے ساتھیوں اور پسماندگان کو تعزیت و تسلیت پیش کی ہے۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی کےپیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
شہیدان جہان آرا کی صابر اور عزیز ماں کی وفات پر شہیدان کی روح مطہر ، ان کے ساتھیوں ،مرحومہ کےتمام پسماندگان، بالخصوص شہیدان جہان آرا کے والد بزرگوار کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں، اور امید رکھتا ہوں کہ مرحومہ کی روح مطہر اپنے عزیز فرزندوں کی ارواح کے ساتھ اللہ تعالی کی رحمت و مغفرت اور رضوان کے سائے میں رہےگی۔

سید علی خامنہ ای
20/ شہریور/1390